
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 21 اگست 2025

**پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (83%) گوشت کے معیار پر اعتماد کا اظہار کرتی ہے جو وہ خریدتے ہیں۔ جبکہ ہر 7 میں 1 (15%) پاکستانی ایسا گوشت خریدنے کی اطلاع دیتے ہیں جو دیکھنے یعنی رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو۔**

خاص طور پر، دیہی علاقوں کے افراد (12%) کی نسبت شہری علاقوں کے افراد (18%) کی زیادہ شرح نے ایسے تجربات کا سامنا کرنے کی اطلاع دی ۔






**کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا کہ آپ نے دکان سے گوشت خریدا ہو جو رنگ، خوشبو یا**

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## کھانا پینا

گوشت

## پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (83%) گوشت کے معیار پر اعتماد کا اظہار کرتی ہے جو وہ خریدتے ہیں۔ جبکہ ہر 7 میں 1 (15%) پاکستانی ایسا گوشت خریدنے کی اطلاع دیتے ہیں جو دیکھنے یعنی رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو۔ خاص طور پر، دیہی علاقوں کے افراد (12%) کی نسبت شہری علاقوں کے افراد (18%) کی زیادہ شرح نے ایسے تجربات کا سامنا کرنے کی اطلاع دی۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 20 اگست 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (83%) گوشت کے معیار پر اعتماد کا اظہار کرتی ہے جو وہ خریدتے ہیں۔ جبکہ ہر 7 میں 1 (15%) پاکستانی ایسا گوشت خریدنے کی اطلاع دیتے ہیں جو دیکھنے یعنی رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو۔ خاص طور پر، دیہی علاقوں کے افراد (12%) کی نسبت شہری علاقوں کے افراد (18%) کی زیادہ شرح نے ایسے تجربات کا سامنا کرنے کی اطلاع دی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا کہ آپ نے دکان سے گوشت خریدا ہو جو رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو ؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 15% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُنہوں نے دکان سے کبھی ایسا گوشت خریدا ہے جو رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو، جبکہ 83% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُنہوں نے کبھی ایسا گوشت نہیں خریدا ہے،، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ عوام کا گوشت کے معیار پر اعتماد کافی زیادہ ہے، لیکن 15% افراد نے مشکوک گوشت کی خریداریوں کی اطلاع بھی دی ہے جس کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے حفظان صحت گوشت کے طریقوں پر سخت نگرانی اور آگاہی مہمات ضروری ہیں۔


**"کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا کہ آپ نے دکان سے گوشت خریدا ہو جو رنگ، خوشبو یا ذائقے سے مشکوک لگا ہو؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 991 خواتین اور مرد حضرات سے 03 اگست تا 19 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>دیہی- شہری علاقوں کے اعتبار سے</u>**: سروے کے نتائج پاکستان کے شہری اور دیہی علاقوں کے درمیان واضح فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔ شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً ہر 5 میں سے 1 فرد (18%) نے بتایا کہ اُس نے کبھی ایسا گوشت خریدا ہے جو رنگ، خوشبو یا ذائقے میں مشکوک لگا ہو۔ اس کے برعکس، دیہی علاقوں میں اس حوالے سے شرح بہت کم یعنی 12% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 21st August 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)